نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر گندم کی سٹوریج کیلئے استعمال ہونے والی زہریلی گولیوں فاسٹاکسن (ایلومینیم فاسفیٹ) کی غیر قانونی فروخت کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کاروائیاں جاری

لاہور: 17 نومبر 2026: وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر گندم کی سٹوریج کیلئے استعمال ہونے والی زہریلی گولیوں فاسٹاکسن (ایلومینیم فاسفیٹ) کی فروخت کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف محکمہ زراعت پنجاب زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کاروائیاں کر رہا ہے۔ وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے متعلقہ فارمیشنز کو فعال عملی کردار ادا کرنے کا ٹاسک سونپ دیا ہے۔اب تک صوبہ بھر میں زرعی ادویات کے ڈیلرز، کریانہ سٹورز، جنرل سٹورز اور پنسار کی دوکانوں وغیرہ پر چھاپے مار کر 78 مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے اور 35 افراد کی گرفتاریاں عمل میں لائی گئی ہیں۔گندم کی زہریلی گولیوں کی بچوں، خواتین اور کم عمر افراد کو فروخت سختی سے ممنوع ہے۔ تمام مجاز زرعی ادویات ڈیلرز کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان گولیوں کی خرید و فروخت کا مکمل اور مستند ریکارڈ مرتب کریں۔غیر رجسٹرڈ ڈیلرز، غیر مجاز دوکانداروں اور کریانہ سٹورز پر گندم کی سٹوریج کیلئے استعمال ہونے والی گولیوں کی فروخت ممنوع ہے۔ان گولیوں کی خرید و فروخت کو شفاف بنانے کیلئے صوبہ بھر میں سخت مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆☆☆☆